روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعرات 22 جنوری 2009ء 24 محرم 1430 ہجری 22 صلح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 17

فلسطینیوں کے لئے دعاؤں کی بہت ضرورت ہے وہ ظلم کی چکی میں پس رہے ہیں

ان کی اقتصادی مدد بھی کریں اور مدد کرنے والی تنظیموں کو بھی ڈونیشن دیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ 16 جنوری 2009 کے آخر پر فرمایا

اس وقت میں ایک دعا کی طرف بھی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ جیسا کہ میں نے گزشتہ دو خطبوں میں بھی اس طرف توجہ دلائی تھی کہ فلسطینیوں کے لئے دعاؤں کی بہت ضرورت ہے۔ ان کے حالات تو اب خراب سے خراب تر ہوتے چلے جا رہے ہیں اور اب حقیقت میں وہ ظلم کی بڑی خطرناک چکی میں پس رہے ہیں اور اسرائیلیوں کا ظلم بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ اب تو جو اسرائیل کے ہمدرد تھے ان میں سے بھی کئی چیخ اٹھے ہیں۔ یہ چیخ و پکار اوپری ہے یا واقعی حقیقت میں ان کو احساس ہوا ہے۔ لیکن اب بہر حال شور مچ رہا ہے۔ بہر حال پہلے خاموش بیٹھنے والے بھی یہی لوگ تھے اگر ابتداء سے ہی انصاف کے تقاضے پورے کرتے ہوئے فیصلہ کرتے تو یہ حالات نہ ہوتے۔ تو یہ جو ان ملکوں کی خاموشی رہی ہے، یہ بھی ظلم کا ساتھ دینے والی بات ہے اور ظلم کو ہوا دینے کے مترادف ہے۔ بہر حال معصوم بچے، عورتیں اور بوڑھے جس بے دردی سے شہید کئے جا رہے ہیں، اللہ تعالیٰ سے ان کے لئے بھی رحم اور فضل کی دعا مانگیں۔ اس وقت ہم ان مظلوموں کی صرف یہی مدد کر سکتے ہیں اور دوسرے یہ UN کی بعض منظور شدہ تنظیمیں ہیں اور خود UN کا ادارہ بھی ان مریضوں اور بھوکوں کے لئے وہاں دوائیاں اور خوراک پہنچا رہے ہیں۔ گو کہ یہ انتظام اتنا معیاری تو نہیں بعض جگہوں پہ صحیح طرح پہنچ بھی نہیں رہا۔ لیکن پھر بھی صرف ان ذرائع سے ہی ان کی مدد ہو سکتی ہے اگر کی جا سکتی ہے، ایک قسم کی مادی مدد۔ اسی طرح Save The Children ایک تنظیم ہے اور دوسری تنظیمیں ہیں، یہ تنظیمیں وہاں مدد کر رہی ہیں تو ان تنظیموں کو بھی جو ڈونیشن مانگتی ہیں ہمیں مدد کرنی چاہئے اور ہیومینیٹی فرسٹ بھی کچھ کر کے ان کے ذریعہ سے بھیجے گی اور جماعتی طور پر بھی انشاء اللہ مدد ہوگی۔ تو یہ مدد ضرور احمدیوں کو کرنی چاہئے جن جن کو توفیق ہے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ جیسا کہ میں نے کہا کہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان معصوموں پر رحم فرمائے اور ظالم کو پکڑے۔ (روزنامہ الفضل 19 جنوری 2009ء)

دلوں کی سرشت

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔

دلوں کی سرشت یہ بنائی گئی ہے کہ جو ان کے ساتھ احسان کا سلوک کرے دل ان سے محبت کرتے ہیں اور جو بدسلوکی کرے اس سے نفرت کرتے ہیں۔

(شعب الایمان بیہقی جلد 6 صفحہ 481 حدیث نمبر 8984 دارالکتب العلمیہ بیروت 1410ھ۔ طبع اول)

ہفتہ تعلیم القرآن

۞ سال 2009ء کا پہلا ہفتہ تعلیم القرآن 6 تا 12 فروری 2009ء کو منایا جا رہا ہے۔ تمام امراء، صدران و سیکرٹریان تعلیم القرآن سے گزارش ہے کہ وہ اپنی اپنی جماعتوں میں حسب پروگرام ہفتہ تعلیم القرآن منا کر اس کی تفصیلی کارگزاری رپورٹ مرکز کو ارسال فرمائیں۔

☆ مورخہ 6 فروری کو نماز تہجد سے اس بابرکت ہفتہ کا آغاز کیا جائے۔ نماز باجماعت کے قیام کو یقینی بنایا جائے۔

☆ مورخہ 6 فروری کے خطبہ جمعہ میں کوشش کی جائے کہ قرآن کریم کے فضائل و برکات اور تعلیم القرآن نیز ہماری ذمہ داریوں کے متعلق ذکر کیا جائے۔

☆ ہر فرد جماعت قرآن کریم روزانہ کم از کم دو رکوع تلاوت کر کے ترجمہ بھی پڑھے۔

☆ ہر سیکرٹری تعلیم القرآن اس امر کا جائزہ لے کہ اس کے حلقہ میں جو بالغ افراد ابھی تک قرآن کریم ناظرہ نہیں جانتے، ان کو قرآن کریم پڑھانے کا فوری انتظام کیا جائے۔ نیز جائزہ لیں کہ ہر فرد جماعت روزانہ تلاوت قرآن کریم کرے، خصوصاً کمزور اور سست افراد سے رابطہ کر کے روزانہ تلاوت کی طرف توجہ دلائیں۔

☆ دوران ہفتہ محلّہ میں ایک اجلاس عام ضرور منعقد کرائیں جس میں قرآن کریم کے فضائل و برکات کا تذکرہ ہو، اس میں ذیلی تنظیموں کے ممبران کو بھی شامل کریں۔ نیز ذیلی تنظیمیں اپنے اجلاسات میں بھی فضائل قرآن کو بیان کریں۔ اطفال و ناصرات کو قرآن کریم کے بارہ میں حضرت مسیح موعود کی نظمیں بھی یاد کروائی جائیں جو وہ مختلف مواقع پر مل کر ترنم کے ساتھ پڑھیں۔

☆ سیکرٹریان وصایا اس بات کا جائزہ لیں کہ ان کی جماعت میں موصیان قرآن کریم ناظرہ جانتے ہیں پھر موصیان کی ڈیوٹی لگائی جائے کہ قواعد وصیت کے قاعدہ نمبر 17 کے مطابق کم از کم دو ایسے احباب کو قرآن کریم ناظرہ سکھائیں جو قرآن کریم ناظرہ نہیں جانتے۔ ہفتہ قرآن کے اختتام پر نظارت ہذا کو رپورٹ ضرور بھجوائیں۔

(ایڈیشنل ناظر اصلاح و ارشاد تعلیم القرآن و وقف عارضی)

الفضل خلافت جوبلی نمبر پر

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس کا اظہار خوشنودی

مکرم ایڈیٹر صاحب روزنامہ الفضل ربوہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کی طرف سے الفضل کا ''خلافت نمبر'' موصول ہوا۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔ ماشاء اللہ بہت مفید مضامین پیش کئے گئے ہیں۔ خلافت کی اہمیت و برکات کا مضمون ایسا ہے جس کا تذکرہ ہمیشہ جماعت میں ہوتا رہنا چاہئے اور خدا تعالیٰ کے فضل سے جماعت اس موضوع پر پڑھنا پسند بھی کرتی ہے۔ اللہ تعالیٰ الفضل کو اپنی ذمہ داریاں ہمیشہ بخوبی بجالاتے رہنے کی توفیق دے اور تمام لکھنے والوں اور کارکنان کو ان کی خدمات کے دائمی اجر عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

خلیفۃ المسیح الخامس 05-01-2009

الفضل ''خلافت جوبلی نمبر'' کے متعلق

احباب جماعت کی حوصلہ افزا آراء

مکرم محمود مجیب اصغر صاحب۔ ربوہ

الفضل صد سالہ خلافت جوبلی نمبر کی کامیاب اشاعت پر مبارکباد قبول فرمائیں۔ بہت اعلیٰ اور عمدہ مواد اکٹھا ہو گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی ٹیم اور مضمون نگاروں کو جزائے خیر دے اور جو وفات پا چکے ہیں ان کے درجات مزید بڑھائے۔ آمین

مکرم رانا مبارک احمد صاحب۔ لاہور

الفضل اخبار کا صد سالہ خلافت جوبلی کا پرچہ پا کر بے حد خوشی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل، حضور انور ایدہ اللہ کی دعاؤں اور دن رات کی محنت سے مضامین اور نظمیں اور خوبصورت اور نایاب تصویریں اور بہت کچھ نے آسمان پر نورانی چاند ستارے روشن کر دیئے ہیں۔ واقعات اور سیرت پر مشتمل یہ مفید مجلّہ احباب جماعت کی روحانیت میں ترقی اور خلافت سے محبت کا ذریعہ بنے گا۔ اللہ تعالیٰ اس مجلّہ کے لئے کام کرنے والے تمام کارکنان الفضل کو بہترین جزا اور اجر عطا فرمائے۔ آپ کے جملہ رفقاء کار اور معاونین کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ آپ نے جماعت احمدیہ کی تاریخ کے اس اہم موڑ پر واقعی ایک بیش قیمت اور یادگار مجلّہ پیش فرمایا ہے۔ ہر لحاظ سے دیدہ زیب اور قیمتی مضامین سے بھرپور ہے۔ مضامین کا انتخاب بھی بڑی محنت اور توجہ سے کیا گیا ہے۔ مختصر یہ کہ الفضل کا یہ خصوصی نمبر خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے موقع پر ایک بھرپور تاریخی دستاویز ہے اور اس بابرکت موضوع پر معلومات کا عظیم خزانہ ہے۔ ایک بار پھر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ سب کو جزائے خیر عطا فرمائے اور اس قلمی خدمت کو اپنی جناب سے قبول فرمائے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیشہ خلافت سے چمٹے رہنے اور اس کی برکات سے مستفید ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

مکرم محمد رضاء اللہ ظفر صاحب مربی سلسلہ وصدر جماعت احمدیہ ٹھٹھہ شہر

روزنامہ الفضل کو خلافت جوبلی نمبر شائع کرنے کا جو موقع ملا ہے۔ اس کو تمام ادارے، کارکنان اور مددگاران نے حتی الوسع اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے سرانجام دیا ہے اور بیشک ایک قابل دید اور قابل تعریف نمبر شائع ہوا ہے۔ خدا تعالیٰ تمام کارکنان اور مددگاران کو اپنی جناب سے بہترین جزا عطا فرمائے اور آئندہ اس سے بھی کئی گنا بہتر کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

مکرم ایس ایچ ہادی صاحب ایڈیٹر احمدیہ گزٹ کینیڈا

خوبصورت اور عمدہ خلافت نمبر شائع کرنے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد قبول فرمائیں۔ اس میں بہت علمی مضامین شامل کئے گئے ہیں اور اس میں خلافت کے موضوع پر بہترین ریفرنس مواد موجود ہے جو مزید تحقیق اور لکھنے کے میدانوں میں ممد و معاون ثابت ہوگا اور خدا تعالیٰ کے فضل سے یہ کافی ضخیم ہے۔ مہربانی فرما کر سٹاف کے تمام ممبران کو میری طرف سے مبارکباد پہنچا دیں۔

مکرم ناصر احمد سید صاحب

آپ نے نو اشعار پر مشتمل الفضل کے خلافت نمبر پر تبصرہ کے طور پر ایک نظم ارسال کی ہے۔ اس کے دو اشعار ہدیہ قارئین ہیں۔

صد سالہ جوبلی پہ الفضل کا شمارہ
ایسے نکل کے آیا جیسے کوئی ستارہ
نمبر ہے یہ خلافت کی اک صدی کے اوپر
صدیوں کے بعد آتا ہے ایسا شاہ پارہ

سرسبز اک شجر ہے

صد سالہ جوبلی پہ الفضل کا شمارہ
ایسے نکل کے آیا جیسے کوئی ستارا
نمبر ہے یہ خلافت کی اک صدی کے اوپر
صدیوں کے بعد آتا ہے ایسا شاہ پارا
اس کی سطر سطر سے موتی جڑے ہوئے ہیں
پڑھ کر ہر اک عبارت پڑھتے ہیں پھر دوبارا
بٹتے ہیں یہ خزینے علم اور معرفت کے
مہدی کی یہ ہدایت ہے سب پہ آشکارا
شیریں پھلوں سے لادا سرسبز اک شجر ہے
لپٹا ہے اس شجر سے دنیا کا ہر کنارا
ہے جس کے ساتھ ہر دم تائید اک خدا کی
یہ ہے اسی مسیحا کے قدسیوں کا دھارا
یہ ہے وہی نبوت یہ ہے وہی خلافت
دینِ متیں کا جس بن ہوتا نہیں گزارا
تعبیر مل گئی ہے تقدیر کھل گئی ہے
ہم اس کے ہو گئے ہیں وہ ہو گیا ہمارا
جب سے ہے اس کو دیکھا جب سے ہے اس کو سوچا
لگنے لگا ہے پھیکا ہر ایک استعارا

ناصر احمد سید

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

محترم حافظ مظفر احمد صاحب

آنحضرت ﷺ بحیثیت مثالی معلم اخلاق

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

وہی اللہ ہے جس نے اُمی لوگوں میں انہی میں سے ایک عظیم رسول مبعوث کیا۔ وہ ان پر اس کی آیات کی تلاوت کرتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب کی حکمت کی تعلیم دیتا ہے جب کہ اس سے پہلے وہ کھلی کھلی گمراہی میں تھے۔ (سورۃ الجمعہ 3:62)

یہ تعلیم اور تربیت کا طریق جس طرح ظہور میں آیا وہ سب کا سب محبت اور الفت اور احسان کے نتیجہ میں تھا جو آنحضرت ﷺ کے دل میں مخلوق خدا کے لئے پیدا کی گئی تھی اور جس کی طرف اس آیت میں اشارہ ہے۔ جس میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کی رحمت کے ساتھ تیرا دل بنی نوع انسان کے لئے نرم کر دیا گیا ہے اگر تو سخت اور درشت رو ہوتا تو لوگ تیرے اردگرد سے بھاگ جاتے اور کوئی بھی تیرے گرد جمع نہ ہوتا۔ دیکھئے انسان نے ایک لبادہ تو اپنے لباس کا اوڑھا ہوا ہوتا ہے لیکن کئی حجابات ہیں اور پردے ہیں جو انسانی شخصیت کے گرد حائل ہوتے ہیں اور دنیا کے لیڈروں کے بارے میں یہ بات کہی جاتی ہے کہ کسی بڑے سے بڑے لیڈر کے قریب آپ رہ کر جب دیکھیں تو زیادہ دیر اس کے پاس رہنا مشکل ہو جاتا ہے کیونکہ جب وہ حجاب اٹھتے ہیں اور کمزوریوں سے پردہ اٹھتا ہے تو لوگ ان لیڈروں کے قریب رہنے کے بجائے دور بھاگنے لگتے ہیں لیکن قربان جائیں حضرت محمد ﷺ پر کہ جو شخص آپ کے قریب رہا وہ آپ کا عاشق ہو گیا۔ آپ کا فدائی اور غلام ہو کر رہ گیا۔ آپ نے حسن اخلاق محبت اور شفقت اور دعاؤں کے ساتھ عرب کے ان بدوؤں کی ایسی اعلیٰ درجہ کی تربیت کی اور ان کے سینہ و دل کو ایسا منور کیا کہ وہ آسمان روحانیت کے ستارے بن گئے اور عرش کے خدا کی آنحضرت ﷺ کی زبان مبارک نے فرمایا۔

اصحابی کالنجوم فبایھم اقتدیتم اھتدیتم

(مشکوٰۃ۔ کتاب المناقب مناقب الصحابہ)

میرے یہ ساتھی اور صحابہ میری صحبت میں رہنے کے بعد اب ستاروں کی مانند ہو گئے ہیں جو بھی ان کے پیچھے چلے گا ہدایت پائے گا اور اسے رہنمائی نصیب ہو گی۔

لیکن اس تربیتی انقلاب کا آغاز کہاں سے ہوا تھا ہمارے آقا و مولا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے اپنے وجود سے اور اپنے نفس سے اس کا آغاز کیا تھا۔ اپنا کردار سچائی میں اور دیانت میں اور امانت میں جو سب دنیا کے سامنے پیش کیا۔ آپؐ کے قریب ترین رہنے والی آپؐ کی اہلیہ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بھی یہ گواہی دے اٹھیں کہ اللہ تعالیٰ کبھی آپؐ کو ضائع نہیں کر سکتا۔ آپؐ تو دوسروں کے بوجھ اٹھاتے ہیں، وہ نیکیاں جو دنیا سے معدوم ہو چکی ہیں آپؐ ان کو کرتے ہیں، آپؐ مہمان نوازی کرتے ہیں آپؐ حق کی راہ میں کمزوروں کی مدد کرتے ہیں، یہ وہ اعلیٰ اخلاق ہیں جو آنحضرت ﷺ نے پہلے اپنے وجود میں پیدا کئے اور ایک پاکیزہ کردار لے کر دنیا کی رہنمائی کے لئے اٹھے۔ پھر دوسرا آغاز اپنے گھر سے کیا آپؐ اپنے گھر والوں کو اہل خانہ کو سب سے پہلے نماز پر قائم کرتے ہیں۔ آپؐ اپنے اہل خانہ کو نہ صرف پنجگانہ نمازوں بلکہ تہجد اور دیگر عبادات کے لئے بھی اپنے کردار اور اپنے نمونہ سے آمادہ کرتے تھے خود راتوں کو اٹھ کر وہ نمازیں اور عبادتیں قائم کرتے تھے کہ پاؤں سوج جاتے تھے اور ایسی حسین اور خوبصورت وہ نماز ہوتی تھی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میرے پاس وہ الفاظ نہیں کہ میں اس نماز کا نقشہ کھینچ سکوں، یہ نمونہ دینے کے بعد پھر آپؐ اپنے اہل خانہ کو بھی ان نمازوں اور عبادات کے لئے تیار کرتے تھے اور اس کی نصیحت کرتے تھے پھر وہ نصیحت کیسی شان رکھتی ہو گی اور کیسی اثر انگیز ہوتی ہو گی۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک رات کو آنحضرت ﷺ نے جب یہ محسوس کیا کہ میں اور فاطمہ تہجد کے لئے بیدار نہیں ہوئے تو آپؐ ہمارے گھر تشریف لے آئے اور ہمیں جگایا اور بیدار کیا پھر جب آپؐ نے ہمارے اٹھنے کی کوئی آہٹ محسوس نہیں کی تو دوبارہ تشریف لائے اور پھر ہمیں جگایا اور فرمایا اٹھو اور نماز پڑھو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں میں آنکھیں ملتا ہوا اٹھا اور بُڑ بڑاتے ہوئے کہنے لگا خدا کی قسم جو نماز ہمارے لئے مقدر ہے وہی ہم پڑھ سکتے ہیں ہماری جانیں اللہ کے قبضے میں ہیں جب وہ چاہے ہمیں اٹھا لے جب چاہے سُلا دے۔ رسول اللہ ﷺ واپس لوٹے اور بڑے تعجب سے اور قدرے خفگی سے اپنی رانوں پر ہاتھ مارتے ہوئے، فرمایا:

وکان الانسان اکثر شئی جدلا (سورۃ الکھف:55) انسان کتنا بحث کرنے والا ہے۔

ایک اور روایت میں ہے کہ آنحضرت ﷺ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو چھ ماہ تک تہجد کے وقت نماز کے لئے جگاتے رہے، گویا ایک تسلسل ہے اس نصیحت میں اور یاد دہانی میں اپنا عملی نمونہ قائم کرنے اور دکھانے کے بعد جس کی طرف آپؐ دنیا کو بلا رہے ہیں، لیکن جب کوئی ردعمل سامنے آتا ہے تو سختی نہیں کرتے شدت اختیار نہیں کرتے بلکہ محبت کے ساتھ آپؐ اس پاک نمونہ کو دنیا میں جاری کرنا چاہتے ہیں۔ خدا تعالیٰ کی محبت ہے جو آپؐ دلوں میں قائم کرنا چاہتے ہیں اور اس کے لئے جہاں آپؐ تدبیریں اختیار کرتے ہیں وہاں دعائیں بھی کرتے ہیں۔ آپؐ چاہتے ہیں کہ آپؐ کے اردگرد جو رہنے والے ہیں وہ تمام خدا تعالیٰ سے محبت کرنے والے ہو جائیں۔ آپؐ کے گھر کا ایک خوبصورت نظارہ دیکھنے کے لائق ہے دو بچے گھر میں کھیل رہے ہیں حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ یا حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں سے کوئی ہے اور دوسرے بچے حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے ایک ران پر ایک کو بٹھایا دوسری پہ دوسرے کو اور یہ دعا کرتے ہمیں نظر آتے ہیں۔

اے اللہ میں ان دونوں سے محبت کرتا ہوں تو بھی ان سے محبت کر۔ رسول اللہ ﷺ نے بچوں کی تربیت بھی بہت پیار اور محبت سے کی ہے، کبھی بچے آپؐ کے ساتھ کھانا کھانے کے لئے بیٹھ گئے تو دیکھا کہ ان کو کھانے کے آداب نہیں آتے تو ڈانٹا نہیں، جھڑکا نہیں، بڑی محبت سے ان بچوں کو وہ آداب اس طرح سکھائے کہ ہمیشہ کے لئے ان کے ذہن میں نقش ہو گئے۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بیٹے سلمہ جو حضورؐ کے گھر میں تربیت پا رہے تھے، وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ مجھے حضورؐ کے ساتھ کھانا تناول کرنے کا موقع ملا اور میں جلدی جلدی ساری پلیٹ میں سے کھانے لگا۔ حضورؐ نے فرمایا کہ بچے جب کھانا کھاتے ہیں تو بسم اللہ سے شروع کرتے ہیں دائیں ہاتھ سے کھانا کھاتے ہیں اور اپنے سامنے سے کھانا کھاتے ہیں، آپؐ اپنی مجلس میں لوگوں کو بہت ہی محبت اور پیار سے آداب سکھاتے تھے، ایک دفعہ یوں واقعہ پیش آیا کہ مجلس میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کسی طرح حضورؐ کے بائیں طرف آ گئے اور کوئی کمسن بچہ دائیں طرف آ گیا اور پینے کی کوئی چیز جب پیش ہوئی تو حضورؐ نے پہلے تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تعالیٰ عنہ کو یہ سمجھانے کے لئے آپؓ کا مقام تو دائیں طرف ہے اور پھر یہ بھی ظاہر کرتے ہوئے کہ عدل اور انصاف کا تقاضا ہے یہ ہے اور جو سلسلہ رسول اللہ ﷺ نے برکات کے حصول کے لئے ادب کے لئے جاری کیا تھا کہ دائیں طرف سے آغاز ہونا چاہئے۔ آپؐ نے فرمایا کہ اے بچے (جو دائیں طرف بیٹھا تھا کہ) اگر آپ مجھے اجازت دو تو میں پہلے یہ پانی ابوبکر کو دے دوں جو آپ سے زیادہ بزرگ ہیں، اس بچے نے بھی کمال محبت کا اظہار کیا اور عرض کیا میں آپؐ کے تبرک کے اوپر اور کسی کو ترجیح نہیں دے سکتا اگر یہ میرا حق ہے تو پھر میں یہ حق لینا چاہوں گا حضورؐ نے وہ پانی اس بچے کو دے دیا اور یوں بچوں کا اکرام اور احترام بھی ہمیں سکھا دیا اور یہ سمجھایا کہ کس طرح پیار اور محبت سے ہم نے ان کی تربیت کرنی ہے۔

بعض احادیث پیش کر کے سختی اور شدت سے تربیت کی راہیں نکالی جاتی ہیں مثلاً یہ حدیث کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ پہلے زبان سے نصیحت کرو اور اگر یہ نہیں کر سکتے تو کم سے کم دل سے روکو اور یہ بھی نہیں تو پھر اس شخص کے لئے دعا کرو اور برائی کو ہاتھ سے روکنے کا بھی اس حدیث میں ذکر آتا ہے، اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہے کہ اگر آپ کے دائرہ اختیار سے کوئی چیز باہر ہے تو وہاں بھی آپ ہاتھ سے روکنے والے ہوں، آنحضرت ﷺ نے اس حدیث پر ہمیں عمل کر کے دکھایا ہے۔ آپ تو امن قائم کرنے والے اور امن کے پیامبر بن کر آئے تھے۔ چنانچہ ہاتھ سے روکنے کی جو مثال ہو سکتی ہے جو ہمیں سمجھ آتی ہے اس کا ایک نظارہ میں آپ کو اس طرح دکھاتا ہوں کہ حجۃ الوداع کا موقع ہے رسول اللہ ﷺ اونٹنی پر سوار سفر حج میں نکلے ہوئے ہیں آپؐ کے چچا زاد حضرت فضل بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپؐ کے پیچھے بیٹھے ہوئے ہیں، خثعم قبیلہ کی ایک عورت کوئی مسئلہ دریافت کرنے کے لئے آپؐ کے پاس آتی ہے فضلؓ کی نظریں اس خاتون کی طرف اٹھ جاتی ہیں، رسول اللہ ﷺ فضلؓ کو گردن سے پکڑتے ہیں اور اس کے چہرے کا رخ دوسری طرف موڑ دیتے ہیں، پس ہاتھ سے کسی ناپسندیدہ چیز کو روکنا زیادہ سے زیادہ یہ ہو سکتا ہے جو آنحضرت ﷺ نے ہمیں کر کے دکھا دیا اور جہاں چیز اختیار سے باہر ہو وہاں انتظام میں دخل دینے کی ہرگز اجازت نہیں ہے۔ چنانچہ آپ نے جو طریق ہمیں صبر کا سکھایا ہے اور بتایا ہے کہ وفات کے موقع پر واویلا نہیں کرنا بین نہیں کرنا۔

غزوہ موتہ کے موقع پر جب مسلمان شہداء کی خبر پہنچی ہے تو حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کی شہادت بھی اس موقع پر ہوئی تھی جو حضورؐ کے چچا زاد تھے حضورؐ صدمے اور غم کی حالت میں مجلس میں تشریف فرما تھے کہ ایک شخص نے آ کر عرض کیا۔ یا رسول اللہ! جعفر کی عورتیں بہت شدت سے رو رہی ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: جاؤ اور انہیں منع کرو کیوں کہ یہ مناسب نہیں۔ وہ گیا اور تھوڑی دیر بعد واپس آ کر کہنے لگا۔ یا رسول اللہ! وہ تو میری بات نہیں مانتیں۔ آپؐ نے فرمایا: دوبارہ انہیں جا کر منع کرو۔ وہ تیسری بار آ کر کہنے لگا۔ یا رسول اللہ! وہ تو ہم پر غالب آ گئیں ہیں کہنا مانتی ہی نہیں۔ آپؐ نے فرمایا: تو پھر ان پر مٹی پھینکو یعنی انہیں ان کے حال پر چھوڑ دو۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جو دروازے کی درزوں سے یہ نظارہ دیکھ رہی تھیں آپؓ فرماتی ہیں کہ میں نے دل میں کہا کہ اللہ تیرا بھلا کرے! رسول اللہ ﷺ نے جو حکم تجھے دیا ہے وہ تم کر نہیں سکتے اور رسول اللہ ﷺ کو تکلیف دینے سے بھی باز نہیں آتے۔ آنحضرت ﷺ نے یہ نمونے ہمیں دکھائے ہیں، کہ ہم لوگوں کو منطق سے اور حکمت کے ساتھ نیک باتوں کے لئے قائل کریں۔

ایک نوجوان حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر ایک عجیب اور حیرت انگیز سوال کرنے لگا۔ یا رسول اللہ! مجھے زنا کی اجازت دے دیں۔ صحابہ جو مجلس میں بیٹھے تھے، بہت حیران اور پریشان ہوئے اور اسے لعنت ملامت کرنے لگے کہ یہ کیسی نامناسب بات تم

نے حضورؐ کی مجلس میں کر دی مگر آنحضرتؐ کا حوصلہ دیکھئے ، آپؐ کا صبر دیکھیں اور شدت اور سختی کے بجائے آپؐ کی نرمی دیکھیں۔ جو خدا تعالیٰ کی طرف سے آپؐ کو عطا ہوئی تھی اور کیسے منطقی طور پر جو آپؐ نوجوان کو قائل کرتے ہیں۔ آپؐ یہ فرماتے ہیں کہ بچے مجھے یہ بتاؤ کہ آپ اپنی ماں کے لئے یہ چیز پسند کرو گے، اس نے کہا۔ نہیں نہیں ہرگز نہیں۔ فرمایا: بیٹی کے لئے ، کہا کیسے ہوسکتا ہے۔ فرمایا: بہن اور پھوپھی اور خالہ کے لئے یہ بات پسند کرو گے۔ کہتا یہ ممکن ہی نہیں، کیسی بے غیرتی کی بات ہوگی۔ آپؐ نے فرمایا تو پھر اے بچے! جس طرح تم یہ بات اپنے عزیز ترین رشتہ داروں کے لئے ناپسند کرتے ہو تو دوسرے لوگ بھی اپنی بہنوں، ماؤں، اپنی پھوپھیوں، اپنی خالاؤں کے لئے یہ بات پسند نہیں کرتے تو میں اس کی اجازت کیسے دے سکتا ہوں۔ اور پھر آنحضرتؐ کی تربیت صرف منطقی طور پر قائل کرنے کی حد تک تو نہیں ہوا کرتی تھی۔ پھر آپؐ نے اپنا معجزانہ دست شفقت اس بچے کے سینے پر رکھا اور خدا تعالیٰ کے حضور دعا کی، آپؐ نے یہ سوچا ہوگا کہ یہ بچہ جو اجازت لینے کے لئے آیا ہے اس میں تقویٰ کی کوئی رمق ضرور باقی ہے۔ چنانچہ آپؐ نے یہ دعا کی۔ اللھم اغفر ذنبه و طهر قلبه و حصن فرجه اے اللہ! اس نوجوان کی غلطی کو معاف کر دے اور اس کے دل کو پاک کر دے اسے باعصمت بنا دے۔

روایت میں ہے کہ رسول پاک ﷺ کی اس پاکیزہ نصیحت اور دعا کا اس نوجوان پر ایسا حیرت انگیز اثر ہوا کہ پھر کبھی اس برائی کا رجحان بھی اس دل میں پیدا نہیں ہوا۔ سبحان اللہ! کیسا پیار کرنے والا مربی اور معلم ہے جو ہمیں عطا ہوا ہے۔ آپؐ نوجوانوں کی اور بچوں کی غلطیوں کو دیکھتے تھے تو سزا کی بجائے درگزر فرماتے تھے اور کبھی شدت اور سختی سے آپؐ نے تعلیم کو نافذ کرنے کی ہدایت نہیں فرمائی۔

حضرت ابو رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں ابھی بچہ تھا انصار کے کھجور کے درختوں پر کھجور گرانے کے لئے پتھر مارا کرتا تھا۔ ایک دن انصار مجھے پکڑ کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں لے گئے کہ حضور اس کو اس ناحق حرکت پر سرزنش کریں گے ماریں گے، ڈانٹیں گے۔ لیکن حضورؐ نے مجھ سے صرف اتنا پوچھا کہ رافعؓ کیا تم کھجور کے درخت پر پتھر مارتے ہو؟ میں نے کہا۔ ہاں! بھوک کے مارے کھجور کھانے کے لئے ایسا کرتا ہوں۔ آپؐ نے مجھے محبت سے سمجھایا کہ پتھر نہ مارا کرو، وہاں کھجور کے درختوں کے نیچے کوئی کھجور اگر گری ہو تو وہ اٹھا کر کھا لیا کرو۔ پھر آپؐ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور یہ دعا کی۔ اللھم اشبع بطنه اے اللہ! اس کے پیٹ کو بھر دے اسے سیر چشمی عطا کر دے۔ یہ تھی تربیت حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی جس نے عرب کے بدوؤں میں حیرت انگیز انقلاب پیدا کر دیا۔

معاویہ بن حکم ایک بدو تھا جو اسلام قبول کرنے کے بعد ابھی نماز کے آداب سیکھ رہا تھا کہ اس نے یہ بھی سیکھا کہ کسی کو چھینک آئے تو یرحمك الله کہتے ہیں کہ تجھ پر اللہ رحم کرے۔ وہ جب نماز پڑھنے کے لئے کھڑا ہوا تو کسی شخص کو چھینک آ گئی تو وہ نماز میں ہی بول اٹھا۔ اللہ تجھ پر رحم کرے۔ لوگ کنکھیوں سے اسے دیکھنے لگے، تعجب سے اپنی رانوں پر ہاتھ مارنے لگے، وہ کہتا کہ مجھے محسوس ہوا کہ لوگ مجھے خاموش کرانے کے لئے ایسا کہہ رہے ہیں اور میں خاموش ہو گیا۔ نماز کے بعد نبی کریم ﷺ نے مجھے بلایا۔ میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوں۔ آپؐ نے مجھے مارا نہیں، مجھے برا بھلا نہیں کہا، صرف اتنا فرمایا نماز کے دوران کوئی اور بات کرنا جائز نہیں ہے۔ نماز تو ذکر الٰہی اور بڑائی کے اظہار پر مشتمل ہوتی ہے اور نماز میں ایسی باتیں مناسب نہیں ہیں۔

ایک اور بدو آیا اپنی سواری کا اونٹ مسجد نبوی کے صحن کے ایک حصہ میں بٹھایا اور وہیں پیشاب کرنے بیٹھ گیا۔ صحابہؓ نے اسے ڈانٹ کر کہا۔ ٹھہرو! ٹھہرو! یہ مسجد کا صحن ہے۔ نبی کریم ﷺ نے بدو کے بجائے صحابہؓ کو روکا۔ فرمایا: اس بے چارے کا پیشاب تو نہ روکو۔ اسے اس کے حال پر چھوڑ دو جب وہ پیشاب سے فارغ ہوا تو حضورؐ نے اسے بلایا اور بڑی محبت سے سمجھانے لگے مساجد میں پیشاب کرنا، گندگی پھیلانا مناسب نہیں، یہ اللہ کے ذکر، نماز اور تلاوت قرآن کے لئے ہیں۔ پھر آپؐ نے ایک صحابیؓ کو حکم دیا کہ اس کے پیشاب پر پانی بہا دو اور صحابہؓ کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ دیکھو تم تو آسانی پیدا کرنے کے لئے بنائے گئے ہو، تنگی پیدا کرنے کے لئے نہیں بنائے گئے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ وہ بدو رسول اللہ ﷺ کے اخلاق کریمہ کا ہمیشہ محبت سے تذکرہ کرتا تھا اور کہتا تھا کہ رسول کریم ﷺ پر میرے ماں باپ قربان ہوں! آپؐ نے کس طرح محبت سے مجھے سمجھایا، کوئی گالی نہیں دی، سرزنش نہیں کی، مارا پیٹا نہیں، محبت سے مجھے ایسے سمجھایا کہ ہمیشہ کے لئے وہ بات میرے دل میں نقش ہو گئی۔

ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ نماز کے لئے کھڑے ہوئے ایک بدو نماز میں دعا کرتے ہوئے کہنے لگا۔ اے اللہ! بس صرف مجھ پر رحم کرنا اور محمد ﷺ پر رحم کرنا اور ہمارے ساتھ کسی اور پر رحم نہ کرنا۔ نماز کے بعد رسول اللہ ﷺ نے اس بدو کو بلا کر سمجھایا کہ دعا تو ایک بہت وسیع چیز ہے، تو نے اس کے آگے ایک منڈیر کھڑی کر دی ہے جیسے پانی کے چشمے کے آگے منڈیر بنا دیں۔ پس اللہ کی رحمت کے آگے بند باندھنا مناسب نہیں ہے۔ رسول اللہ ﷺ نادانستہ غلطیوں سے چشم پوشی فرماتے ہوئے حوصلہ افزائی کے ذریعہ صحابہؓ کے دل جیت لیتے تھے۔ کبھی کسی کی شکایت ہوتی تو اس کا نام لے کر سرعام اس کا ذکر نہیں کرتے تھے۔ ہاں غائب کے صیغے میں یہ کہتے ہوئے لوگوں کو کیا ہو گیا ہے ایسا کرتے ہیں۔ آپ عمومی نصیحت فرمایا کرتے تھے اور حوصلہ افزائی کا یہ حال تھا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم ایک جنگ میں شرکت کے لئے گئے تھے، بھگدڑ مچ گئی، ہمیں بھی وہاں سے بھاگنا پڑا اور ہم واپس مدینے آ گئے۔ فجر کی نماز میں حضورؐ سے ہم نظریں کتراتے پھرتے تھے کہ کہیں دیکھ کر ڈانٹیں نہیں کہ تم تو بھگوڑے ہو اور میدان جنگ کو چھوڑ کر آ گئے ہو۔ لیکن حضورؐ کی نظریں ہم پر پڑ ہی گئیں، ہم نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! ہم میدان جنگ کے بھگوڑے ہیں، بھاگے ہوئے ہیں ہمارے لئے دعا کریں۔ حضورؐ نے فرمایا نہیں نہیں! تم بھگوڑے نہیں ہو، تم تو پلٹ کر حملہ کرنے والے ہو۔ ہم نے وفور محبت سے حضور کے ہاتھ چوم لئے اور عرض کیا۔ یا رسول اللہ! ہم واقعی آپؐ کے اس حکم کی پابندی کریں گے اور واپس گئے اور میدان کارساز میں جا کر داد شجاعت حاصل کی۔

رسول اللہ ﷺ جس طرح بدوؤں کی تربیت کیا کرتے تھے اس کا ایک آخری واقعہ جو بہت ہی حیرت انگیز ہے وہ آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ ایک بدو نے آ کر رسول اللہ ﷺ سے اپنی ضرورت کے لئے آپؐ سے کچھ مانگا۔ آپ کے پاس جو میسر تھا حضور نے اس کو دے دیا۔ مگر اس کا دل اس پر راضی نہ ہوا اور سخت ناراض ہو کر بے ادبی کے کچھ کلمات کہہ گیا۔ صحابہؓ بہت خفا ہوئے کہ رسول اللہ ﷺ سے انعام بھی لیتا ہے اور آپؐ کے سامنے بے ادبی کے کلمات بھی کہتا ہے وہ اسے ڈانٹنے لگے پکڑنے لگے۔ حضور نے فرمایا۔ تم اسے چھوڑ دو۔ اسے میرے حوالے کر دو اسے اپنے گھر لے گئے کھانا کھلایا مزید انعام و اکرام سے نوازا۔ پھر فرمانے لگے اب راضی ہو وہ کہنے لگا میرا قبیلہ بھی اب تو آپؐ سے راضی اور خوش ہے۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ دیکھو میرے صحابہؓ کے سامنے تم نے کچھ سخت کلمات کہے تھے جن سے ان کو تکلیف پہنچی تھی، کیا اب یہ اظہار میرے صحابہ کے سامنے بھی جا کر کرو گے؟ تا کہ ان کے دل بھی راضی ہو جائیں جنہیں میں نے تمہیں کچھ کہنے سے روک دیا تھا اس نے کہا میں حاضر ہوں تب حضورؐ مسجد میں گئے اور تمام لوگوں کے سامنے یہ پوچھا کہ دیکھو اب تم مجھ سے راضی ہو، اس نے کہا میں کیا میرا قبیلہ بھی آپؐ سے راضی ہے تب رسول اللہ ﷺ نے صحابہؓ کو سمجھایا کہ دیکھو اس بدو کی مثال اس شخص کی طرح ہے جس کی ایک اونٹنی ہو اور وہ بدک کر بھاگ کھڑی ہو لوگ اس کے پیچھے پکڑنے کو دوڑیں مگر وہ کسی کے قابو نہ آئے، اتنے میں اونٹنی کا مالک آ جائے اور وہ کہے میرے اونٹنی کو چھوڑ دو۔ میں تم سب سے زیادہ اس سے نرمی کا سلوک کرنے والا ہوں اور وہ اپنی اونٹنی کی طرف کچھ گھاس لے کر اسے پکارتے تو وہ اس کی طرف دوڑی چلی آئے اور اس کے پاس آ کر بیٹھ جائے اور وہ اس پر اپنا پالان ڈال کر اسے قابو کر لے، اس پر فرمانے لگے جب اس بدو نے کچھ سخت بات کی تھی اس وقت میں اگر تمہیں اس پر سختی کرنے دیتا تو یہ ہلاک ہو جاتا۔

یہ وہ پاکیزہ طریق ہے آنحضرت ﷺ کی تربیت کا جو آپؐ نے اپنے صحابہ کو سکھایا کہ کس طرح نرمی اور محبت کے ساتھ اس پیغام کو اس پاکیزہ تعلیم کو جو آنحضرت ﷺ لے کر آئے ہیں دنیا میں پھیلانا ہے اور نافذ کرنا ہے اور جاری کرنا ہے اور یہ تعلیم تمام لوگوں کے لئے تھی، رنگ و نسل کی تمیز مٹانے والی تھی، ایک حبشی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر ایک دفعہ عرض کرنے لگا، یا رسول اللہ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کیا جنت میں ایک سیاہ حبشی بھی جائے گا؟ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ ہاں جس شخص نے کلمہ پڑھ لیا اللہ کے ہاں اس کی وجہ سے ایک عہد لکھا جاتا ہے اور جو سبحان اللہ وبحمدہ پڑھتا ہے اس کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں، وہ شخص کہنے لگا یا رسول اللہ ان باتوں کے باوجود ہم پھر کیسے ہلاک ہوں گے؟ آپؐ نے فرمایا:

قیامت کے دن ایک عمل پیش ہوگا، اگر اسے ایک پہاڑ پر بھی لکھا جائے تو اس پہاڑ کو بھی اٹھانا بوجھل ہوگا لیکن اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے ایک نعمت اس عمل پر بھاری ہوگی سوائے اس کے کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کا دامن پھیلا کر اسے زیادہ اجر عطا فرما دے۔

یعنی کتنی اللہ تعالیٰ کی نعمتیں ہیں جن کا بسا اوقات ہم شکر نہیں کرتے اور اس ناشکری کے نتیجہ میں اجروں کو ضائع کر رہے ہوتے ہیں۔ اس پر وہ حبشی کہنے لگا یا رسول اللہؐ کیا میری آنکھیں بھی جنت کی نعمتوں کو اسی طرح دیکھیں گی جس طرح آپ کی آنکھیں دیکھتی ہیں؟ آپؐ نے فرمایا ہاں کیوں نہیں، اس پر وہ حبشی بے اختیار رونے لگا اور اتنا رویا کہ اس کی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ اس حبشی کی تدفین کے وقت نبی کریم ﷺ خود اپنے ہاتھوں سے اسے قبر میں رکھ رہے تھے۔ پس ایک دوڑ تھی نیکیوں کی جو آنحضرت ﷺ نے لگوا دی۔ کیا گوروں میں اور کیا کالوں میں اور ایسی کیفیت پیدا ہوئی کہ اپنے صحابہ کا مختلف نیکیوں کے بارے میں جائزہ لیتے اور محاسبہ کرتے تھے اور ہمیشہ ان نیکیوں میں اپنی طرح اپنے ان غلاموں کو بڑھنے والے پاتے تھے، کبھی حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسابقت کی اس دوڑ میں اپنا سارا مال لا کر آنحضرت ﷺ کے قدموں میں ڈال رہے ہیں اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے گھر کا آدھا مال پیش کر رہے ہیں اور یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ بابا اور بڑھا نیکیوں میں اپنے سے کبھی مجھے بڑھنے نہیں دے گا تو کبھی حضرت بلال حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں کہ جن کے جنت میں نظارے دیکھ کر آنحضرت ﷺ ان کو مبارک دیتے ہیں تو ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ اے کاش! میں بلال ہوتا اور بلال کی ماں نے مجھے جنا ہوتا تو آج یہ سعادت مجھے میسر آتی۔ یہ وہ پاکیزہ انقلاب ہے جو آنحضرت ﷺ نے اپنے غلاموں اور اپنے شاگردوں

میں پیدا کیا آپؐ نے ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسے شاگرد پیدا کئے، جنہوں نے ہجرت میں اپنی جان آپؐ پر نچھاور کردی اور ضرورت پڑنے پر گھر کا سارا مال لاکر آپؐ کے قدموں میں ڈھیر کر دیا۔ آپؐ نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسے جانشین پیدا کئے جو عدل وانصاف میں اپنی مثال آپ تھے اور جن کا نام سن کر اس دور کے بادشاہ تھرا جاتے تھے اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عظمت کو سلام کرتے تھے، اور آج بھی اہل یورپ یہ کہہ اٹھے ہیں کہ اگر ایک اور عمرؓ پیدا ہوجاتا تو آج اسلامی دنیا کا نقشہ اور ہوتا۔

آپؐ نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پیدا کیا جو صبر وحلم اور حیا کا مجسمہ تھا اور جس نے آپؐ کی وصیت کے مطابق اپنی جان قربان کردی مگر آپؐ کے مشن پر آنچ نہیں آنے دی اور آپؐ کی امت کو کشت وخون سے بچالیا۔ آپؐ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسا داعی الی اللہ پیدا کیا جو علم کا دروازہ اور شجاعت کا پیکر تھا اور جس کے ہاتھ پر خیبر کے قلعے فتح ہوئے تھے، آپؐ نے امت کا امین حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ تعالیٰ عنہ پیدا کیا کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بقول جی چاہتا ہے کہ ایسا گھر ہو جو حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسے لوگوں سے بھرا ہوا ہو۔ آپؐ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت صہیب رومی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت بلال حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ جیسے عظیم لوگ پیدا کئے۔ اور فاقہ کش حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پیدا کیا جو کسریٰ کے رومال میں تھوکتا اور کہتا تھا۔ بخ بخ ابو ہریرہ واہ واہ ابو ہریرہ! تیری کیا شان ہے! آپؐ نے بھیڑ اور بکریاں چرانے والے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کوفہ کا گورنر بنا دیا اور خواتین میں حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت ام امارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا جیسی عظیم خواتین پیدا ہوئیں۔ ایک حیرت انگیز انقلاب ہے جو اس پاکیزہ تعلیم کے نتیجہ میں ہمیں نظر آتا ہے۔

پس وہ انقلاب جو آنحضرت ﷺ نے پیدا کیا اس کو مدنظر رکھتے ہوئے مشہور مسیحی مصنف مسٹر مائیکل ایچ ہارٹ (Michael H.Hrt) نے اپنی کتاب

The 100

A ranking of the most influential person in the history

مسیحی ہونے کے باوجود پہلے نمبر پر آنحضرت ﷺ کا نام بیس ملین انسانوں میں سے موثر ترین شخص کے طور پر چنا۔ اس لئے کہ انہوں نے انسانوں کے اندر حیرت انگیز انقلاب برپا کیا تھا اور مارٹن لنگز (Martin Lings) نے اس انقلاب کو بیان کرتے ہوئے یوں کہا:

کہ آنحضرت ﷺ کے ذریعہ سے جو انقلاب پیدا ہوا ہے اس سے بڑا انقلاب اس کے علاوہ اور کہیں نظر نہیں آتا، اتنا بڑا دیرپا انقلاب آپؐ نے برپا کیا کہ اس دنیا میں کسی انسان سے نہ ہوسکا۔ کیونکہ اپنے ظہور سے لے کر اگلی دو صدیوں سے بھی کم عرصہ میں انہوں نے سارے عرب پر بلکہ فارس، خراسان، ماوراء النہر، مغربی ہند، شام، مصر، حبشہ اور شمالی افریقہ کے تمام علاقوں اور جزیروں اور اندلس کے حصوں پر بھی وہ انقلاب چھا گیا اور پھر ڈاکٹر واگلیری جو مشہور عربی کی پروفیسر تھیں ایک اطالوی مستشرقہ انہوں نے اس انقلاب کا ذکر کرتے ہوئے لکھا کہ تہذیب وتمدن کی شاہراہوں سے دور بیابان میں ایک جاہل قوم بستی تھی جس کے اندر خالص اور شفاف پانی کا ایک چشمہ نمودار ہوا جس کا نام اسلام ہے۔ تاریخ عالم میں ایسا انقلاب کبھی نہ آیا تھا، اس سرعت سے آنحضرت ﷺ نے یہ انقلاب پیدا کیا ہے۔

اس عظیم الشان انقلاب کا ذکر کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

وہ جو عرب کے بیابانی ملک میں ایک عجیب ماجرا گزرا کہ لاکھوں مردے تھوڑے ہی دنوں میں زندہ ہو گئے اور پشتوں کے بگڑے ہوئے الٰہی رنگ پکڑ گئے اور آنکھوں کے اندھے بینا ہوئے اور گونگوں کی زبانوں پر الٰہی معارف جاری ہوئے اور دنیا میں یک دفعہ ایک ایسا انقلاب پیدا ہوا کہ نہ پہلے اس سے کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا۔ کچھ جانتے ہو وہ کیا تھا؟ وہ ایک فانی فی اللہ کی اندھیری راتوں کی دعائیں ہی تھیں جنہوں نے دنیا میں شور مچا دیا اور وہ عجائب باتیں دکھلائیں کہ جو اس امی بےکس سے محالات کی طرح نظر آتی تھیں۔

(برکات الدعا۔ روحانی خزائن جلد 6 صفحہ 10-11)

☆☆☆

ابن بیطار کے حوالہ سے

مکرم بریگیڈیئر ممتاز احمد صاحب لکھتے ہیں:۔

الفضل میں کئی دفعہ سپین کے مشہور طبیب اور ماہر نباتات ابن بیطار کا ذکر آیا ہے۔ یہ بیطار خاندان کے افراد جانوروں کے معالج کے طور پر مشہور تھے۔ یہ بات قارئین کے لئے دلچسپی کا موجب ہوگی کہ لفظ Veterinary اسی عربی نام بیطار سے نکلا ہے۔

ہمارے والد حضرت خان سید غلام حسین صاحب رفیق حضرت بانی سلسلہ احمدیہ تھے ہم چار بھائیوں نے بھی حضرت والد صاحب کے پیشہ کو اختیار کیا تھا۔ سب سے بڑے جناب پروفیسر ظہور احمد شاہ صاحب نے بطور مربی جزائر فجی (Fiji) میں کام کیا تھا۔ خاکسار نے بریگیڈیئر کے عہدہ کے ساتھ چھ سال تک بطور "Director Remount Veterinary & Farms" GHQ۔ میں کام کیا تھا۔

☆☆☆

مکرم منیر احمد ملک صاحب

میری والدہ مکرمہ زہرہ بیگم صاحبہ

میری پیاری والدہ مکرمہ زہرہ بیگم صاحبہ 90 سال کی عمر میں 30 مارچ 2003ء کو شام ساڑھے چار بجے اپنی رہائش گاہ ماڈل ٹاؤن لاہور میں خالق حقیقی سے جا ملیں۔ آپ بفضل خدا موصیہ تھیں بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین ہوئی۔ اللہ تعالیٰ سے عاجزانہ دعا ہے کہ خداوند کریم ان سے راضی ہو اور ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے درجات کو ہمیشہ بلند فرماتا جائے (آمین) والدہ صاحبہ کی زندگی کے آخری ایام میں میرے تمام بہن بھائی ان کے پاس موجود تھے۔ اگرچہ خاکسار اس وقت امریکہ میں تھا مگر اللہ تعالیٰ کا بے پناہ احسان ہے کہ امی جی کی وفات سے تین ماہ قبل مجھے بھی اپنی اہلیہ کے ہمراہ ان سے ملنے اور ان کے پاس وقت گزارنے کا موقع ملا۔

والدہ صاحبہ کی وفات کی خبر مجھے امریکہ میں علی الصبح ملی۔ میری امی جی کا تعلق چکوال سے تھا۔ انہوں نے پانچویں جماعت تک تعلیم حاصل کی وہ فطرتاً سادہ طبیعت کی مالک تھیں اور ہمیشہ صاف دلی کے ساتھ دوسروں کی خیر خواہی کا سوچتیں۔ امی جی کے والد اور میرے نانا جی خواجہ محمد امین صاحب، جن کا ڈیرہ ڈوں انڈیا میں گاڑیوں کا کاروبار تھا نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے ہاتھ پر احمدیت قبول کی۔ امی جی بہت ہی مہربان اور پیار کرنے والی خاتون تھیں اور غریبوں کے ساتھ بہت شفقت اور ہمدردی سے پیش آتیں ساتھ ہی ساتھ وہ بچوں کے لئے بہترین مربی بھی تھیں۔ ان کی انتظامی صلاحیتیں غیر معمولی تھیں اور وقت کی پابندی کا حد درجہ خیال رکھتیں۔ بچپن کے ایام اور پھر زندگی کے بعد کے دور میں امی جی نے سادہ اور آسان طریقے سے ہم سب بہن بھائیوں کو یہ سکھایا کہ کس طرح ایک دوسرے کی عزت کی جاتی ہے اور ہمارے دلوں میں ایک دوسرے کی محبت موجزن کر دی۔ انہوں نے تعلیم کے حصول اور زندگی کے دیگر شعبوں میں ترقی کے لئے ہماری راہنمائی کی اور سب سے بڑھ کر یہ کہ جماعت اور خلافت کی عقیدت اور وابستگی ہمارے دلوں میں ڈال دی۔

امی جی کی زندگی کی ایک امتیازی خوبی یہ تھی کہ وہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بلند آواز میں بسم اللہ پڑھتی تھیں چاہے کھانا پکانے لگیں یا ہمیں کھانا دیں یا پھر بچوں کو کپڑے پہنانے سے پہلے اور ساتھ ہی ہم سب بہن بھائیوں کو اس عادت کو پختہ کرنے کی نصیحت کرتیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج ہر کام کا آغاز بسم اللہ سے کرنا میری بھی زندگی کا حصہ بن چکا ہے۔ امی جی نے ہمیں ہمیشہ یہی بتایا کہ اگر ہم کام کا آغاز اللہ تعالیٰ کے پاک نام سے کریں تو اللہ تعالیٰ اس کام کو ہمارے لئے آسان اور بابرکت فرما دیتا ہے ہمیشہ اس نسخے نے فائدہ پہنچایا۔ امی جی بحیثیت ماں اپنی ذمہ داریوں کے ادا کرنے میں بہت مستعد تھیں۔ وہ ہمیشہ صحت اور صفائی سے متعلق معمولی باتوں کا بھی خیال رکھتیں جیسا کہ دانتوں کی صفائی، ناخن کاٹنا، غسل، بال کٹوانا وغیرہ وہ سب امور ہیں جن میں باقاعدگی کی انہوں نے عادت ڈالی۔

1988ء میں میں نے اپنے والد صاحب ملک بشیر احمد صاحب (مرحوم) کے متعلق ایک مضمون لکھا تھا۔ اس میں میں نے یہ بھی ذکر کیا تھا کہ ابا جی ڈسپلن کے معاملے میں سخت تھے اور جماعت اور خلافت سے بے حد عقیدت رکھتے تھے۔ ساتھ ہی بچوں کی تربیت میں بھی وہ بھرپور توجہ دیتے۔ مگر ان کی تمام کوششیں بارآور نہ ہوسکتیں اگر خدا تعالیٰ کے خاص فضل کے ساتھ، امی جی کی بھرپور مدد بھی شامل حال نہ ہوتی۔ ابا جی کا یہ معمول تھا کہ پنجوقتہ نمازوں کے ساتھ قرآن پاک کی تلاوت کے معاملے میں بچوں کی نگرانی کرتے اور ہمیں قرآنی دعائیں بھی یاد کرواتے اور رات کے کھانے پر ابا جی، امی جی سے پوچھتے کہ کیا سب نے پانچوں نمازیں بروقت ادا کیں ہیں اور نہ صرف یہ بلکہ اس بارے میں بھی دریافت کرتے کہ کیا ہم نے گھر کے کام کاج سے متعلق امی جی کی مدد کی اور کھیل اور پڑھائی کے مقررہ اوقات کا بھی خیال رکھا یا نہیں۔ امی جی نے اس معاملے میں ہمیشہ اس بات کا خیال رکھا کہ ابا جی کے نمازوں سے متعلق سوال کا انہوں نے ہمیشہ درست جواب دیا۔ ابا جی مذہبی معاملات میں سخت تھے اور اگر انہیں پتہ چلتا کہ کسی نے دن کے دوران کوئی نماز ادا نہیں کی تو وہ ہمیں اسی وقت حکم دیتے کہ وہ ان کے سامنے پہلے بقیہ نمازوں کو بآواز بلند ادا کرے اور پھر کھانے میں شامل ہو۔

ابا جی فجر، مغرب اور عشاء کی نمازیں بالعموم اسلامیہ پارک لاہور کی بیت میں ادا کرتے اور یہی معمول لڑکوں کے لئے تھا۔ ہماری بیت گھر سے تقریباً تین بلاک دور تھی اور ہم پیدل بیت جاتے۔ بچپن میں کئی بار یہ خیال ذہن میں آیا کہ امی جی سے کہوں کہ وہ ابا جی سے سفارش کریں کہ مجھے گھر پر نماز پڑھنے کی اجازت دے دیں تاکہ سکول کا حرج نہ ہو۔ مگر میرا یہ بہانہ کبھی بھی امی جی کے آگے بھی نہ چل سکا۔ تربیت سے متعلقہ امور میں امی جی نے نہ صرف ہمیشہ ابا جی کا ساتھ دیا بلکہ ابا جی نے ہمارے لئے جو معمولات طے کئے ہوتے تھے امی جی نے ان میں کبھی دخل اندازی نہیں کی۔ اس کیفیت سے مجھے وہ مقولہ یاد آتا ہے کہ ماں اور باپ دونوں گاڑی کے دو پہیے ہوتے ہیں اور

ایک پہیہ دوسرے کی مدد کے بغیر کام نہیں کر سکتا بالکل اس طرح امی جی نے دینی تربیت کے امور میں خاص طور پر ابا جی کا ساتھ دیا۔ امی جی کا یہ معمول تھا کہ ہم جب بھی کوئی غیر معمولی تقاضا کرتے تو وہ فیصلہ کے لئے ابا جی کو پوچھنے کو کہتیں اس طرح خاص خاص باتوں جیسا کہ۔ شہر سے باہر جانا۔ دوستوں کے ساتھ دیر تک رہنا وغیرہ کے معاملے میں ہمیشہ امی جی کا ایک ہی حکم تھا کہ پہلے ابا جی سے اجازت لے لو۔ اس طرح امی جی نے کبھی بھی کسی معاملے میں بچوں کو ایسی اجازت نہیں دی جو ابا جی سے خفیہ ہو آج جبکہ میں خود 4 بچوں کا باپ ہوں تو مجھے بخوبی اندازہ ہے کہ یہ اصول جس کو امی جی نے نہایت احتیاط سے ملحوظ خاطر رکھا وہ درحقیقت ان کی بے لوث خدمت کا اظہار تھا۔ جس نے ہم بچوں کو اچھی تربیت کا بہترین تحفہ دیا۔ کسی بھی اچھی ماں کی طرح، امی جی کی محبت، بے لوث جذبہ، وابستگی اور قربانی ہم سب بچوں کے لئے بے مثال تھی۔ ایک واقعہ اس سلسلے میں بیان کر دوں جس کو یاد کر کے آج بھی میری آنکھوں میں آنسو آ جاتے ہیں۔ اگرچہ اس بات کو بھی نصف صدی سے زائد کا وقت بیت چکا ہے۔ جب میں دس سال کا تھا تو کسی وجہ سے بیمار ہو گیا۔ ڈاکٹر نے کچھ انتہائی قیمتی ادویات تجویز کیں جو ہمارے لئے اس وقت خریدنا ممکن نہ تھا۔ جب امی جی کو اس بات کا اندازہ اور علم ہوا تو انہوں نے بلا تامل ابا جی کو اپنی شادی کی چوڑیاں دیں تا کہ ان کو بیچ کر ادویات خرید لیں اور یوں اللہ تعالیٰ کے فضل سے میں صحت یاب ہو گیا۔

امی جی کا یہ معمول تھا کہ وہ روزانہ نماز فجر سے پہلے بیدار ہو جاتیں اور دن کا آغاز نماز تہجد، نماز فجر اور تلاوت قرآن پاک سے کرتیں۔ جب تک ہم بیت سے فجر کی نماز کی ادائیگی کے بعد واپس آتے اور گھر آ کر قرآن پاک کی تلاوت کر لیتے، ناشتہ تیار ہوتا اور یہ روزانہ کا معمول تھا جس کے مقررہ وقت میں کوئی تبدیلی نہ ہوتی اور ناشتے کے لئے سب کچن میں آ جاتے۔ اس کے بعد ہمارے پاس کافی وقت بچ جاتا جس میں بچے سکول کے لئے تیار ہو سکتے اور ابا جی کام کے لئے جانے کی تیاری کر لیتے۔ ہر کام کو وقت پر انجام دینا امی جی کی خاص خوبی تھی اور وہ ایک گھڑی کو ہمیشہ اپنے ساتھ ساتھ رکھتیں اور ایک کمرے سے دوسرے کمرے میں بھی اپنے ساتھ لے جاتیں تا کہ اگلے کام کا حرج نہ ہو۔ روزمرہ زندگی کے معمولات میں وہ ہمیشہ یہ درس دیتیں کہ صفائی ایمان کا حصہ ہے اور ہمیں اپنی ذاتی معمولات اور وجود میں اس کے اظہار کا خیال رکھنے کی تلقین کرتیں۔ امی جی اس بات کی بھی بہت تاکید کرتیں کہ ہر چیز کو اس کی مقرر کردہ جگہ سے لینے کے بعد وہاں پر ہی واپس رکھا جائے۔ اگرچہ یہ ایک چھوٹی سی بات معلوم ہوتی ہے مگر بچپن میں پختہ ہونے والی اس عادت نے زندگی بھر میرے لئے ایک اثاثہ کی حیثیت اور کردار ادا کیا۔ گھر اور دفتر کے کاموں میں اس عادت کی وجہ سے نہ صرف میری کام کی بروقت ادائیگی کی استعداد بڑھانے میں بہت مدد ملی۔ کیونکہ میں بہت سے مسائل اور تاخیر کی وجہوں سے بچ جاتا۔ آج میں اپنے بچوں میں بھی یہی عادت پختہ کرنے کی کوشش کرتا ہوں امی جی گھر میں کام کاج کے لئے آنے والی خواتین کے لئے بھی بہت رحم دل تھیں۔ وہ ہمیشہ ان کی ضروریات کا خود خیال کرتیں اور اکثر اوقات مالی طور پر ان کی مدد کرتیں۔ اس کے ساتھ خوراک اور لباس وغیرہ کے ذریعہ بھی مدد کرتیں۔ M.Com کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد جب میں نے نیشنل بینک میں ملازمت شروع کی تو انہوں نے مجھے بھی ہمیشہ ان لوگوں کی ضروریات کا خیال رکھنے کی نصیحت کی۔ جب ان میں سے کوئی بیمار ہو یا کوئی اور موقع ہو جیسے بیٹی کی شادی، ملازمت کی تلاش وغیرہ اس میں ہمیشہ ان کی مدد کی۔ امی جی کی اس نصیحت اور خواہش کے احترام میں ہمیشہ میں نے اللہ تعالیٰ کے فضل سے حسب استعداد عمل کرنے کی کوشش کی۔ امی جی نے بھی اس معمول کو جاری رکھا اور میرے 1979ء میں امریکہ آنے کے بعد بھی باقاعدگی سے خطوط کے ذریعے اس نصیحت کی یاد دہانی کرواتی رہیں اور خاکسار کو ان پر عمل کرنے کی توفیق ملتی رہی۔

